لگائے ہوئے ہے۔ اور اس امر کو توہین سمجھتا ہے کہ اس کا سا نقطۂ نظر یا علم یا لمعانیٔ دین کو واضح کرنے والا مؤثر طرزِ اظہار کسی اور میں پایا جائے۔ حالانکہ ایک ہی طرزِ فکر کی شخصیتوں کو جمع کرنا اور ان کے افکار کا گلدستہ بنا کر سامنے لانا ملت کے لیے زیادہ باعث تقویت ہے۔ ڈھونڈ ڈھونڈ کر ذرا ذرا سے اختلافات نکالنا اور پھر ہم فکر و ہم مقصد شخصیتوں کے درمیان دیواریں کھڑی کر دینا دینی لحاظ سے تو کجا، علمی و تحقیقی لحاظ سے بھی غلط ہے۔

اس رائج العام غلط رجحان کا توڑ کرنے میں یہ کتاب ممد ہوگی۔

خطباتِ حقانی حصہ اوّل افادات مولانا عبدالقیوم حقانی - ناشر: مؤتمر المصنفین، دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک ضلع پشاور۔ سوا دو سو صفحات، آرٹ کارڈ کا رنگین ٹائیٹل۔ قیمت ۱۸/ روپے ملنے کے پتوں میں سے ایک: مکتبہ صدیقیہ۔ اکوڑہ خٹک۔

شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید صاحب کے پیش لفظ، مولانا انوار الحق صاحب کے تاثرات، قاری محمد رمضان مرتب کی "عرض" اور فاضل مؤلف کے اعترافِ حقیقت کے ساتھ یہ کتاب چند خطبات و تقاریر کا مجموعہ ہے۔ ان خطبات میں دعوت و تبلیغ، ذاتِ باری تعالیٰ، سرمایہ داری اور اشتراکیت، جہاد افغانستان اور افغانوں پر کمیونسٹوں کے بے پناہ مظالم کے علاوہ متعدد مزید عنوانات پر اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ سادہ انداز میں کئی دینی حقائق کو سمجھنے میں مدد دے گا۔

اُردو ڈائجسٹ شہدائے بہاولپور نمبر مدیر مسئول: جناب الطاف حسن قریشی۔ قیمت: ۱۵/ روپے سالانہ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک ۱۳۰/ روپے۔ پتہ: اُردو ڈائجسٹ۔ ۲۱ ایکڑ اسکیم، سمن آباد، لاہور ۲۵ پاکستان۔ صفحات ۲۶۰ سے زائد۔

سنجیدہ اور باوقار ماہنامہ اُردو ڈائجسٹ ان پستیوں سے مبرّا ہے جو پاکستان کے اکثر ڈائجسٹوں میں ہیں اور جس کی وجہ سے لفظ ڈائجسٹ بدنام ہوگیا ہے۔ یہ رسالہ معلوماتی بھی ہے، سیاسی بھی،